بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

منقبت

سبطِ نبیؐ، ابنِ علیؓ حضرت امام حسن مجتبیٰ رضی اللہ عنہ کی شان میں

امام المومنیں ہیں وہ تقی ہیں حسنؓ ابنِ علیؓ، سبطِ نبیؐ ہیں
کہ وہ روحِ کمالِ رہبری ہیں حسنؓ ابنِ علیؓ، سبطِ نبیؐ ہیں

وہ تارے آسمانِ مصطفیؐ کے وہ بھائی ہیں حسینِؓ خوش لقا کے
وہ باغِ فاطمہؓ کی دلکشی ہیں حسنؓ ابنِ علیؓ، سبطِ نبیؐ ہیں

حسن المجتبیٰؓ ہے نام ان کا وفا و امن ہے پیغام ان کا
مکمل شرحِ دینِ احمدیؐ ہیں حسنؓ ابنِ علیؓ، سبطِ نبیؐ ہیں

وہ شانِ اہلِ بیتِ مصطفیؐ ہیں وہ جانِ اہلِ بیتِ مصطفیؐ ہیں
فقیہہ و سیّد و سردار بھی ہیں حسنؓ ابنِ علیؓ، سبطِ نبیؐ ہیں

انہیں زیبا سبھی شان و شرف ہیں رہِ مولا میں ہردم جاں بہ کف ہیں
سراسر زندگی ہیں، زندگی ہیں حسنؓ ابنِ علیؓ، سبطِ نبیؐ ہیں

انہیں فکرِ عبادت ہر گھڑی تھی اذاں پہلی جو نانا سے سُنی تھی
ورع ہیں وہ مجسم بندگی ہیں حسنؓ ابنِ علیؓ، سبطِ نبیؐ ہیں

اُلش خوارِ شہِ کون و مکاںؐ ہیں وہ سردارِ جوانانِ جناں ہیں
غلام ان کے جو ہیں وہ جنّتی ہیں حسنؓ ابنِ علیؓ، سبطِ نبیؐ ہیں

دل و جاں میں محبت مصطفیؐ سے ہے صورت میں شباہت مصطفیؐ سے
اور اُس پر راکبِ دوشِ نبیؐ ہیں حسنؓ ابنِ علیؓ، سبطِ نبیؐ ہیں

سبھی قول و عمل ان کے سنہرے وہ شہزادے جو شاہِ دیںؐ کے ٹھہرے
گلستانِ نبوت کی کلی ہیں حسنؓ ابنِ علیؓ، سبطِ نبیؐ ہیں

وہ منصف بھی، ذکی بھی، صلح جو بھی وہ ہیں حلم و حیا کی آبرو بھی
وہ علم و معرفت کی روشنی ہیں حسنؓ ابنِ علیؓ، سبطِ نبیؐ ہیں

عطا و جود و رحمت شان ان کی سخاوت ہی سخاوت شان ان کی
سخی ہیں وہ طبیعت کے غنی ہیں حسنؓ ابنِ علیؓ، سبطِ نبیؐ ہیں

جمالِ عزت و رافت حسنؓ ہیں کمالِ عظمت و رفعت حسنؓ ہیں
تصوف میں نشانِ راستی ہیں حسنؓ ابنِ علیؓ، سبطِ نبیؐ ہیں

مودت آپ کی لازم سبھی پر محبت آپ کی لازم سبھی پر
صفات ایسی مثالی آپ کی ہیں حسنؓ ابنِ علیؓ، سبطِ نبیؐ ہیں

ہوئی اذنِ خدا سے رہنمائی سعادت حجِ بیت اللہ کی پائی
شہیدِ با وفا بھی آپ ہی ہیں حسنؓ ابنِ علیؓ، سبطِ نبیؐ ہیں

وہ عالم ہیں، امام الاصفیاء ہیں وہی حامدؔ رئیس الاتقیاء ہیں
شعورِ بندگی ہیں، آگہی ہیں حسنؓ ابنِ علیؓ، سبطِ نبیؐ ہیں

☆

سیّد حامدؔ یزدانی

رمضان المبارک ۱۴۳۵ھ